PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS
MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

501, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan · Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 · Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org

Ref: PCSUMEA/EB-11/2023 Dated: 17th May 2023

To,
**The all Executive Body Members**
Pakistan Cutlery Association **PCSUMEA**
Wazirabad.

Subject: **7th Executive Body Meeting.**

Dear Sir,

It is intimated that the **7th Executive Body Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Saturday 20th May 2023** at **02:00 (pm)** sharp under the supervision of **Chairman.**

We request to all the Executive body members to attend the meeting at the specified date and time.

**Agenda of the meeting is as under:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Get Approval of 6th EB Meeting Minutes from EB.
3. Discussion on Cutlery Art & Craft Village (CA & CV) Wazirabad.
4. Final discussion by DGTO Islamabad regarding Application for Grant of License of another New Association in Cutlery Sector.
5. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

| Time | Topic / Discussion Item |
|---|---|
| 02:00 to 02:05 | Recitation of the Holy Quran |
| 02:05 to 02:10 | Get Approval from EB of Previous Meeting Minutes |
| 02:10 to 02:25 | Discussion on Cutlery Art & Craft Village (CA & CV) Wazirabad |
| 02:25 to 02:40 | Final discussion by DGTO Islamabad regarding another New Association in Cutlery Sector. |
| 02:40 to 03:00 | Any other point will be discussed by the permission of Chairman |

Irfan Mansha
Secretary General
PAK CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan Ph. +92-55-6602828, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org


## Attendance Sheet EB 2022-2023

Event: [illegible]th Executive Body Meeting

Dated: ~~17~~ 20-05-2023

| Sr. | F/ No. | Name | Company | Address | Contacts / Emails | Signature |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | A-35 | **Shakeel Azam** (Chairman) | **M/S Super 1 Way Kitchen Collection** | Dhounkal Road Wazirabad | 0300-6207762 super_iway1@yahoo.com | |
| 2. | C-244 | **Adnan Javed** (Senior Vice Chairman) | **M/S Pak Handi Crafts** | Pak Town Allahabad Wazirabad | 0333-3444470 sundalknives@gmail.com | |
| 3. | A-58 | **Usman Jalil** (Vice Chairman) | **M/S Prime Steel Industries** | Madina Colony Arif Shaheed Road Wazirabad | 0322-2223313 primesteelind@hotmail.com | |
| 4. | C-09 | **M. Hamza** (EB Member) | **M/S Sky Impex Cutlery Industry** | Arif Shaheed Road Nizamabad Wazirabad | 0300-5267171 skyimpex@hotmail.com | |
| 5. | C-10 | **Shakeel Ahmed Bhutta** (EB Member) | **M/S S.K Traders** | Behind Imperial Public School G.T Road Wazirabad | 0300-8740366 sktrdwzd@yahoo.com | |
| 6. | C-16 | **Hamza Shakeel Bhutta** (EB Member) | **M/S HHH Crafted Knives** | Thathi Araian Road Wazirabad | 0300-8740365 hhh.knives@yahoo.com | |
| 7. | C-52 | **Muhammad Khalid Mughal** (EB Member) | **M/S Pak Cutlery Consortium** | 1 KM Khasra By Pass Chowk, Bharoki Road, Near Shinwari Hotel Wazirabad | 0300-8720051 pakcutlery@yahoo.com | |
| 8. | C-65 | **Sajjad Farooq** (EB Member) | **M/S New Friend Industries** | Sialkot Road Islamabad More Wazirabad | 0300-6283010 sajjadfarooq1@yahoo.com | |
| 9. | A-12 | **Qasim Ali Awan** (EB Member) | **M/S Super Crown Cutlery Works** | Cutlery Works Dhounkal Road Wazirabad | 0322-2007777 crowncutlery@gmail.com | |
| 10. | A-20 | **M. Dilawar Jamshaid** (EB Member) | **M/S J.S Industries** | Mohallah Nizamabad Wazirabad | 0332-0484748 jsindustriespk@gmail.com | |
| 11. | A-23 | **M. Nawaz Cheema** (EB Member) | **M/S Kitchen Craft** | Near High Class Bakery G.T. Road Wazirabad | 0300-9644024 info@kitchen-crafts.com | |
| 12. | A-235 | **M. Arshad** (EB Member) | **M/S Mohammad Arshad Cutlery Works** | Spall Colony Wazirabad | 0300-9623139 | |
| 13. | A-268 | **Kashif Butt** (EB Member) | **M/S Kashif Butt Cutlery** | Works Sialkot Road Near Barkat Floor Mills Wazirabad | 0300-9621311 | |
| 14. | A-441 | **M. Ahsan Aqeel** (EB Member) | **M/S York Vivant Company** | Allah Wala Chowk Allahabad G.T Road Wazirabad | 0300-6234140 info@yorkvivant.com | |

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

20-5-2023

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 7th Executive Body Meeting Minutes (20-05-2023)

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن وزیر آباد کے میٹنگ ہال میں ساتویں ایگزیکٹو باڈی میٹنگ مورخہ 20 مئی 2023 زیر صدارت جناب چیئرمین شکیل اعظم صاحب منعقد کی گئی۔

**1۔ تلاوت قرآن پاک چیئرمین صاحب نے کی۔**

**2۔ اپروول برائے چھٹی ایگزیکٹو باڈی میٹنگ منٹس**

ایگزیکٹو باڈی ممبر خالد مغل صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے بتایا کہ سیکرٹری صاحب پچھلی میٹنگ کے منٹس کی اپروول کے لیے آپ پوری منٹس کی کاروائی کی کاپی ساتھ رکھیں تاکہ اس کو ہم سب ایک دفعہ دوبارہ پڑھ لیا کریں۔ چھٹی ایگزیکٹو باڈی میٹنگ کے منٹس میں کچھ تبدیلی کروانی ہے۔ آپ اس کو نوٹ کرلیں اور اس کو تبدیل کر کے یہ منٹس آپ جاری کردیں اور ہم سب اس کی اپروول دیتے ہیں۔ سیکرٹری صاحب نے تمام چیزیں نوٹ کرلیں۔ اس کے بعد ایگزیکٹو باڈی ممبرز نے چھٹی ایگزیکٹو باڈی میٹنگ منٹس کی اپروول دے دی۔

**3۔ کٹلری آرٹ اینڈ کرافٹ ولیج وزیر آباد**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ آرٹ اینڈ کرافٹ ولیج کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ ایسوسی ایشن سے چار ممبرز اس میں شامل ہیں۔ جن میں چیئرمین شکیل اعظم، سینئر وائس چیئرمین عدنان جاوید، ایگزیکٹو باڈی ممبر خالد مغل اور حمزہ شکیل بھٹہ شامل ہیں۔ زمین ایکوور کے حوالے سے ہمارے پنجاب سمال ینڈسٹریز کارپوریشن کے ساتھ معاملات چل رہے ہیں۔ ایگزیکٹو باڈی ممبر خالد مغل صاحب نے بتایا کہ زمین کی ایکوزیشن 1874 ایکٹ سیکشن 4 کے تحت تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ پنجاب سمال ینڈسٹریز کارپوریشن کے ڈپٹی مینیجنگ ڈرایکٹر صاحب یہاں کے ریجنل ڈرایکٹر پنجاب سمال ینڈسٹریز کارپوریشن گوجرانوالہ کو اس حوالے سے لیٹر جاری کریں گے۔ اور اس کے بعد یہ لیٹر اسسٹنٹ کمیشنر وزیر آباد کو جاری کریں گے۔ ریجنل ڈرایکٹر پنجاب سمال ینڈسٹریز کارپوریشن گوجرانوالہ اس وقت بیرون ملک گئے ہوئے ہیں۔ جیسے ہی واپس آتے ہیں تو فوری اس پر کام شروع کردیا جائے گا۔ ہماری پوری کوشش ہوگی کہ موجودہ نگران حکومت پنجاب سے کٹلری آرٹ اینڈ کرافٹ ولیج کو آئندہ آنے والے سالانہ بجٹ 2023-2024 میں منظور کروائیں گے۔

**4۔ کٹلری سیکٹر میں ایک اور نئی ایسوسی ایشن کے لائسنس کی منظوری کے لیے درخواست کے حوالے سے ڈی جی ٹی او اسلام آباد کی طرف سے حتمی فیصلہ**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ کچھ دن پہلے ڈی جی ٹی او آفس اسلام آباد سے ایک لیٹر موصول ہوا ہے جس میں نئی ایسوسی ایشن کو مکمل طور پر ڈی جی ٹی او آفس نے فائل پروسیس نہیں کریں گے اور یہ بھی کہا کہ آئندہ ڈی جی ٹی او آفس اس نئی ایسوسی ایشن کی فائل کو زیرِ غور نہیں لائے گا۔ مزید

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

معلومات جو اس کیس میں چل رہی ہیں کہ میں سیکرٹری صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ مزید اس بارے میں ایگزیکٹو باڈی ممبرز کو آگاہ کریں۔

سیکرٹری صاحب نے چیئرمین صاحب کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ ڈی جی ٹی او آفس نے نئی ایسوسی ایشن بنانے کی درخواست کو مکمل طور پر رد کر دیا ہے۔ کیونکہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 سیکشن تھری ٹو ڈی کے تحت ایک سیکٹر میں دو ایسوسی ایشن نہیں بنا سکتے ہیں۔ پورے پاکستان میں ایک سیکٹر کی ایک ہی ایسوسی ایشن ہو گی۔ میرے خیال سے نئی ایسوسی ایشن بنانے والے اب اس کو آگے منسٹری آف کامرس کے سیکرٹری صاحب کے پاس اپیل میں لے کر جائیں گے اور اس کے بعد ہائی کورٹ کا پلیٹ فارم استعمال کریں گے۔ لیکن موجودہ قانون کے مطابق نئی ایسوسی ایشن کٹلری سیکٹر میں نہیں بن سکتی۔

کیونکہ کٹلری ایسوسی ایشن 2008 سے ڈی جی ٹی او کے پاس رجسٹر ہے اور لائسنس یافتہ ہے۔

کچھ دن پہلے ہمارے دو ایگزیکٹو باڈی ممبرز جن کو ایگزیکٹو باڈی میٹنگ کی کاروائی مین شرکت کرنے سے روک دیا تھا۔ اس فیصلے کو انہوں نے ڈی جی ٹی او آفس میں چیلنج کیا ہے۔ میں نے ڈی جی ٹی او آفس کو اس لیٹر کا تحریری جواب دے دیا ہے اور اس کے ساتھ پانچویں ایگزیکٹو باڈی میٹنگ کی کاروائی ، حاضری رپورٹ بھی بھیج دی ہے۔ لیٹر میں لکھا ہے کہ آرٹیکل 45 کے تحت ایگزیکٹو باڈی ممبران نے ان دو ایگزیکٹو باڈی ممبرز کو ایگزیکٹو باڈی میٹنگ کی کاروائی سے روکا ہے۔ یہ فیصلہ ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 45 کی روشنی میں کیا گیا ہے۔

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ اب ہم نئی ایسوسی ایشن کے وہ ممبرز جن کو شوکاز نوٹس جاری کیے تھے ان کو سماعت کے لئے ایگزیکٹو باڈی میٹنگ میں بلانا ہے۔ اب ان کو ہم کب بلائیں۔ خالد مغل صاحب نے کہا کہ جون کے آخر میں ان ممبرز کو بذریعہ لیٹر ہم علیحدہ علیحدہ بلائیں گے۔ جن کو شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں ان میں ندیم وڑائچ، حبیب اللہ اور ایاز چاند شامل ہیں۔ اور اس کے ساتھ ہم محمد نعیم کو بھی بلائیں گے جبکہ اس کو شوکاز نوٹس جاری نہ ہو سکا۔ چیئرمین صاحب نے بتایا کہ ہم ان ممبرز کے ممبرشپ سرٹیفکیٹ ابھی تک جاری نہیں کیے۔ چیئرمین صاحب نے بتایا کہ اگر کوئی بھی ایگزیکٹو باڈی ممبر اس پر بات کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ اگر کوئی نہیں کرنا چاہتا تو ہم کارروائی کو آگے بڑھاتے ہیں۔

## دیگر امور

### ایگزیکٹو باڈی ڈونیشن برائے میڈیا

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ آپ جو ڈونیشن ہر ماہ دیتے ہیں اس سے ہم میڈیا کے اخراجات چلاتے ہیں۔ لیکن اس ماہ آپ کے ڈونیشن ابھی تک نہیں ملے ہیں۔ اور کچھ ممبرز کے پچھلے ماہ کے ڈونیشن بھی رہتے ہیں۔ آفس والے آپ لوگوں کو فون کرتے ہیں لیکن بہت سارے ممبرز یا تو فون مصروف کر دیتے ہیں۔ یا دو سے تین دن کا کہہ کر فون کاٹ دیتے ہیں۔ اگر آپ ممبرز ڈونیشن نہیں دینا چاہتے۔ تو بتا دیں تا کہ اس معاملے کو یہاں پر ختم کیا جا سکے۔ چیئرمین صاحب نے کہا کہ آپ ممبرز مئی تک اپنے ڈونیشن آفس میں جمع کروا دیں کیونکہ کچھ ممبرز نے مئی تک ڈونیشن جمع کروا دیے ہیں۔ اور آپ سے بھی گزارش ہے کہ مئی 2023 تک اپنے ڈونیشن آفس میں جمع کروا دیں۔ اور اس ڈونیشن کی روشنی میں ایسوسی ایشن میڈیا اخراجات کا مزید لائحہ عمل طے کرے گی۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

**کٹلری انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کمیٹی کی میٹنگ کی اپرووَل**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان کی بلڈنگ ٹیوز ڈیک کے حوالے کی جا چکی ہے۔ وہاں پر موجود پرانی مشینری ایسوسی ایشن کی ملکیت ہے اس کے لیے ہم نے کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان ڈوونر کمیٹی بنائی ہوئی ہے مجھے آپ ایگزیکٹو باڈی ممبرز کی اپرووَل چاہیے۔ کہ میں نے کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان کمیٹی کی اہم میٹنگ بلانی ہے۔ تمام ایگزیکٹو باڈی ممبرز نے چیئرمین صاحب کو کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان کمیٹی کی میٹنگ بلانے کی اجازت دے دی۔

**آفس کی تزئین و آرائش**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ آفس میں تزئین و آرائش کا کام کروانا ہے جن میں آن لائن میٹنگ کے لیے زوم لنک کے ساتھ کیمرے کے ذریعے میٹنگ روم کو تیار کرنا ہے اور اس کے ساتھ ہمارا ساؤنڈ سسٹم بمعہ اسپیکر پرانے ہو چکے ہیں ہم نے ان کو کافی دفعہ ٹھیک کروایا لیکن دو سے تین میٹنگ کے بعد پھر خراب ہو جاتے ہیں ان کو ہم تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ ایگزیکٹو باڈی ممبرز نے ان کاموں کی اپرووَل دے دی۔ اس کے بعد نیچے آفس ہال کی تعمیر و مرمت کا کام زیرِ غور ہے۔ جس میں آفس ہال کے اندر درمیان والی دیوار کو نکال کر اس کو بڑا کر دیا جائے۔ اور اوپر میٹنگ ہال میں جانے کے لئے سیڑھیاں باہر سے نکال دی جائیں۔ اس تعمیر و مرمت پر دس سے پندرہ لاکھ تک کے اخراجات آ سکتے ہیں۔ ایگزیکٹو باڈی ممبرز نے بتایا کہ چیئرمین صاحب سب سے پہلے آپ ٹھیکیدار کو بلائے اور اس سے یہ ساری چیزیں بیان کریں اور اس بارے میں بجٹ کا تخمینہ لگوائیں۔ آخر میں آفس کے ہال اور چیئرمین آفس کے تزئین و آرائش کے کام کی منظوری ایگزیکٹو باڈی ممبران نے دے دی۔

**ایم۔او۔یو وومن چیمبر آف کامرس انڈسٹری سیالکوٹ**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ وومن چیمبر آف کامرس سیالکوٹ سے ہم ایک ایم او یو سائن کرنے جا رہے ہیں۔ جس کا مقصد پروڈکٹ ہنٹ ہے۔ بہت جلد ہم اس ایم او یو کو سائن کرنے والے ہیں۔ ابھی ایم او یو کی تیاری ہو رہی ہے۔ جیسے ہی تیار ہو کر مکمل ہو جائے گا۔ یہ ڈرافٹ آپ کے ساتھ شیئر کر دیں گے۔

**راوی موٹرز لاہور**

چیئرمین صاحب نے بتایا کہ کچھ دن پہلے راوی موٹرز لاہور سے میری ایک آن لائن میٹنگ ہوئی تھی۔ اب وہ ہماری ایسوسی ایشن میں باقاعدہ میٹنگ کرنا چاہتے ہیں۔ اور بہت جلد ہم راوی موٹرز کے ساتھ میٹنگ شیڈول کریں گے۔

آخر میں چیئرمین صاحب نے تمام آنے والے ایگزیکٹو باڈی ممبران کا شکریہ ادا کیا۔

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T. ROAD
WAZIRABAD